PAKISTAN DOMESTIC
SEASON 2019-20
14 SEP - 24 APR

CRICKET
CHAMPIONS
Inspiring the Nation

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پرانڈر 19 کرکٹر عبداللہ پر جرمانہ عائد

لاہور، 20 اکتوبر 2019ء:

قومی انڈر 19 ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کےمیچ میں امپائر کے فیصلے پر اعتراض کرنے پر خیبرپختونخوا کے کرکٹر عبداللہ پر میچ فیس کا 20 فیصد جرمانہ عائد کردیا گیا۔ خیبرپختونخوا کے انڈر 19 کرکٹر نے کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں سدرن پنجاب کے خلاف میچ میں پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ برائے کھلاڑی اور اسپورٹ اسٹاف کے قانون کی خلاف ورزی کی۔

ہفتہ کے روز میچ کے دوران امپائر کی جانب سے ایل بی ڈبلیو آؤٹ دئیے جانے پر ناراضگی کا اظہا رکرنے والے عبداللہ کو لیول 1 جرم کا مرتکب پایا گیا ہے۔

آن فیلڈ امپائرز کامران خلیل اور محمد باسط نے عبداللہ کو پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.8 کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا۔

میچ کے اختتام پر عبداللہ کی جانب سے اعتراف جرم کرنے پر میچ ریفری غلام مصطفی نے خیبرپختونخواکے انڈر 19 کرکٹر پر جرمانہ عائد کردیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk